حکمتِ سیّد مودودیؒ

قائدِ اعظمؒ اور پاکستان

قائدِ اعظم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ سعادت نصیب ہوئی تھی کہ وہ اِس دَور میں رُوئے زمین پر مسلمانوں کی سب سے بڑی مملکت کو وجود میں لانے کا باعث بنے۔ اِس کش مکش اور جدوجہد میں انہیں بیک وقت انگریزوں، ہندوؤں اور سکھوں کی شدید مزاحمت اور مخالفت سے سابقہ درپیش تھا جن میں سے ہر ایک قیامِ پاکستان کے خلاف ایڑی چوٹی کا زور لگا رہا تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے قائدِ اعظمؒ کو اپنے مقصد میں کامیاب فرمایا اور مخالفین کی متحدہ قوّت ان کے مقابلے میں بے بس ہو گئی۔ اُن کی اِس عدیم النظیر کامیابی کے چند وجوہ تھے اور ان میں سے ہر ایک میں ہمارے لیے ایک سبق ہے۔

—— پہلی بات یہ ہے کہ جب قراردادِ پاکستان پاس ہو گئی اور برِّصغیر ہند کے مسلمانوں کے مسئلے کا آخری حل یہی طے پایا کہ مُلک تقسیم ہو، تو قائدِ اعظم نے بعض سیکولر اور سوشلسٹ عناصر کے علی الرغم اس بات کا غیر مبہم اعلان کر دیا کہ پاکستان میں اسلام کا اجتماعی نظام قائم کیا جائے گا۔ اور مذکورہ عناصر کو متنبہ کیا کہ وہ اپنی روش سے دست کش ہو جائیں۔ اِس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ مسلمان جو خطۂ پاکستان سے دُور دراز بستے تھے وہ بھی اخوّتِ اسلامیہ کے جذبے سے سرشار ہو کر قیامِ پاکستان کی جدوجہد میں شریک ہو گئے۔

—— قائدِ اعظمؒ کی کامیابی کی دوسری وجہ یہ ہے کہ اُنہوں نے اپنے مخالفین کی گالیوں

اور الزام تراشیوں کو کبھی درخورِ اعتنا نہ سمجھا اور نہ اُن کا جواب دینے میں اپنا وقت ضائع کیا، بلکہ ہمیشہ اپنے مقصد کو سامنے رکھ کر اس کی طرف مستقل مزاجی سے پیش قدمی کرتے رہے۔ جس انسان کو بھی دُنیا میں کوئی مثبت تعمیری کام کرنا ہو، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسی طریقے پر عمل کرے اور زندگی کی مہلت کو مفید اور نتیجہ خیز مصرف میں صرف کرے۔

— قائدِ اعظم کی سیرت میں تیسری خوبی یہ تھی کہ وہ ایک جمہوریت پسند انسان تھے۔ اُنہوں نے ہمیشہ اپنے رفقاء سے مشورہ اور اُن کا اعتماد حاصل کرتے ہوئے کام کیا اور پاکستان میں ایک جمہوری نظام کی تکمیل کو پیشِ نظر رکھا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اِن خوبیوں کا مسلمانانِ پاکستان کو وارث بنائے اور مرحوم کو اُن خدمات کا بہترین اجر عطا فرمائے۔ آمین۔

مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودیؒ کا پیغام سیمینار قائدِ اعظمؒ ملیر سوسائٹی کے نام
۲۵ دسمبر ۱۹۷۷ء

تین اہم کتابیں مفت منگوائیے

شیخ الفاضل الحاج غازی عبدالصمد سراج الدین صاحب سیکرٹری جنرل پاکستان اسلام لیگ کی تین اہم کتابیں:

۱۔ اسلام کا سپاہیانہ نظام ۲۔ سیرتِ علمبردارِ حریت
۳۔ مسلمانوں کا امیر

فلیٹ ۳ رحمان بلڈنگ۔ سولجر بازار کراچی ۳ کے پتہ پر اپنا نام اور مکمل پتہ روانہ کر کے مفت حاصل کیجیے۔ (المشتہر حاجی علیم الدین بی اے۔)